# 25-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے صارفین کو بلا کسی رکاوٹ کے ایندھن کی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے تمام تر اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ کانگریس حکومت مکانات کی تعمیر کیلئے بھاری فنڈ مختص کرچکی ہے تاکہ بے گھر افراد کو مکانات فراہم کئے جاسکیں۔

۳۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی تقسیم کی سیاست کررہی ہے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آئندہ دودنوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع میں گرج وچمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

## Mallu Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ اپوزیشن بی آر ایس کے ارکان کو غریبوں کی فلاح و بہبود کے بارے میں اسمبلی میں حکومت کی جانب سے دئے جانے والے بیانات کو سماعت کرنے کی دلچسپی نہیں ہے اس لئے وہ اسمبلی سے چلے گئے ہیں۔آج اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران اندراماں مکانات کی اسکیم پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ حکمرانوں نے جھوٹے بیانات دیتے ہوئے عوام کو اعتماد میں لے کر ڈبل بیڈروم دینے کا وعدہ کیا لیکن اس وعدہ کو پورا کرنے میں ناکام رہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ متحدہ آندھراپردیش میں سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی نے غریبوں کو مکانات کی فراہمی کیلئے اندراماں مکانات کی تعمیر

کا آغاز کیا تھا اسی طرز پر کانگریس حکومت مکانات کی تعمیر کیلئے بھاری فنڈ مختص کر چکی ہے تا کہ بے گھر افراد کو مکانات فراہم کئے جاسکیں۔

Sound Byte Bhatti

D. Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے اپوزیشن بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی سے کہا کہ وہ اسمبلی کو کس طرح چلانا ہے اس پر اسپیکر کو ہدایت دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آج اسمبلی میں ریاستی وزرائ کی جانب سے بل پیش کرنے کے موقع پر بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی نے خلل پیدا کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر سریدھر بابو نے بی آر ایس ارکان کے رویہ پر برہمی کا اظہار کیا۔

Jeevan Reddy - Resigned

کانگریس کے سینئر لیڈر و سابق رکن قانون ساز کونسل جیون ریڈی نے آج اپنے حامیوں کے ساتھ ایک اجلاس میں کانگریس پارٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ جگتیال ضلع میں کانگریس پارٹی کے قائدین اور کارکنوں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے یہ فیصلہ لیا۔ جیون ریڈی نے حکومت کی جانب سے انہیں نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس پارٹی کے کارکنوں کی محنت کی وجہ سے ہی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو یہ موقع ملا ہے۔ جیون ریڈی نے مزید کہا کہ جدوجہد کرنا ان کیلئے کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اب وہ وزیر اعلیٰ کے خلاف ہی جدوجہد کرنے کا اعلان کیا۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی تقسیم کی سیاست کر رہی ہے۔ انہوں نے

کہا کہ علاقائی مسائل کو لے کر کانگریس ملک کو تقسیم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ قانون ساز اداروں میں خواتین کو 33 فیصد نشستیں مختص کرنے پر کانگریس پارٹی کو کیا نقصان ہوگا اس کی وضاحت کرنے پر زور دیا۔ سابق میں مہیلا ریزرویشن بل کے کاغذات کو پھاڑنے والے آرجے ڈی اور سماج وادی پارٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کا کانگریس پر الزام لگایا۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ کتنی ہی سازشیں کی جائیں خواتین ریزرویشن بل پر مرکزی حکومت عمل کرے گی۔

## N. Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے عوام سے کہا کہ وہ پٹرول اور ڈیزل کی دستیابی پر افواہوں پر توجہ نہ دیں۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ آئیل کمپنیوں کے پاس پٹرول اور ڈیزل کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ ریاست میں دو مہینوں تک کا ایندھن کا ذخیرہ موجود ہیں۔ اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ افواہوں کی وجہ سے پٹرول اور ڈیزل کی زیادہ مقدار میں خریداری کی وجہ سے پٹرول پمپوں کے قریب عوام کا ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ کینوں اور ڈبوں میں ایندھن کا ذخیرہ کرنا قانون کے خلاف ہے۔ ایسا کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنے کا انتباہ دیا۔

## Naco Suraksha Sankalp

ناکو کے اڈیشنل سکریٹری وڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر راکیش گپتا نے کہا کہ ریاست میں 19 اضلاع کو اچ آئی وی ایڈس کے معاملہ میں زیادہ توجہ والے اضلاع کے طور پر نشاندہی کرلی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اچ آئی وی پوزیٹیو افراد کی رہائش والے امور پر ان اضلاع کی نشاندہی کرلی گئی ہے۔

قومی ایڈس کنٹرول ادارہ کی جانب سے آج حیدرآباد میں سورکشا سنکلپ پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر راکیش گپتا نے کہا کہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی جانب سے بتائے گئے 95-95-95 اہداف کے مطابق ایڈس کے کنٹرول کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Sound Byte Dr Rakesh Gupta

اس ورکشاپ میں تلنگانہ اسٹیٹ ایڈس کنٹرول سوسائٹی کے پروجیکٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر سنگیتا ستیہ نارائنا کے علاوہ 19 اضلاع کے ضلعی عہدیداروں نے شرکت کی۔

Vande Mataram

کل سے ملک بھر کے تمام آکاش وانی مراکز میں مکمل طور پر قومی گیت وندے ماترم کو نشر کیا جائے گا۔ مرکزی وزارتِ داخلہ کی جانب سے جنوری 28 کو جاری کئے گئے احکامات کے مطابق یہ فیصلہ لیا گیا۔ اب تک صرف 65 سکنڈ ہی نشر کیا جاتا تھا اور اب تین منٹ دس سکنڈ کا مکمل ورژن پیش کیا جائے گا۔

CM Review on Petrol

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں پٹرول، ڈیزل، گیس سلنڈرس اور یوریا کی دستیابی پر سکریٹریٹ میں متعلقہ محکمہ جات کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ایندھن کے سربراہی میں کوئی رکاوٹ نہ آنے اور اس سلسلہ میں لئے جانے والے اقدامات پر عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ عہدیداروں نے ریاست میں دستیاب پٹرول اور گیس کے ذخیرہ سے متعلق تفصیلات سے وزیراعلیٰ کو واقف کروایا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے صارفین کو بلا کسی رکاوٹ کے ایندھن کی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے تمام تر اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع میں گرج و چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔آج جئے شنکر بھوپالا پلی ملگ بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم میں مختلف مقامات پر گرج و چمک کے ساتھ فی گھنٹہ 30 تا40 کلو میٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے جبکہ کل کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، جئے شنکر بھوپالا پلی، ملگ ، بھدرادری کوتہ گوڑم، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک ، کاماریڈی اضلاع میں بعض مقامات پر گرج و چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر و سابق وزیر کے ٹی آر نے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اور ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ سے اسمبلی میں ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے سرسلہ پاورلوم یونٹ کے برقی بقایاجات اور سرچارج کے بوجھ پر ایک یادداشت پیش کی اور اس کو معاف کرنے کا مطالبہ کیا۔کے ٹی آر نے کہا کہ موجودہ برقی عہدیداروں کی جانب سے عائد کئے جانے والے بیاک بیلنگ کے اضافی بوجھ کی وجہ سے کئی خاندانوں کو روزگار متاثر ہونے کا امکان ہے۔

Stephen Raveendra

محکمہ سیول سپلائز کے کمشنر اسٹیفن رویندرا نے کہا کہ ریاست میں پٹرول اور ڈیزل کی کوئی قلت نہیں ہے۔ایندھن کی قلت پر آنے والی افواہوں پر توجہ نہ دینے عوام سے اپیل کی۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ پریشان ہوکر ایندھن کا ذخیرہ نہ کریں۔اسٹیفن رویندرا نے کہا کہ ریاست بھر میں کل ایک ہی دن میں 1500 پٹرول اور ڈیزل کے ٹینکروں کو پٹرول پمپوں کو سربراہ کیا

گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ روزآنہ کی ضرورت کے مطابق ایندھن کا ذخیرہ آئیل کمپنیوں کے پاس دستیاب ہے۔

## Higher Education Chairman

ریاست کے ہائر ایجوکیشن کونسل کے چیرمین بالا کشٹا ریڈی نے کہا کہ ریاست میں بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے اسکلس ٹریننگ پروگرام منعقد کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔آج انہوں نے ناگر کرنول ضلع ہیڈ کوارٹر میں ریڈکراس عمارت کے کاموں کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اضلاع میں نوجوانوں کو مختلف پیشہ وارانہ کورسس میں ٹریننگ فراہم کرتے ہوئے ان کو روزگار فراہم کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔